Phosphorus نمبر 2 :- فاسفورس

مجھے ان دوادویات نے جگر کے مرض میں مبتلا مریضوں کے علاج میں اللہ نے بہت کامیابیوں سے نوازا۔

Bryonia دس دن پھر برائی اونیا Bryonia 30 قارئین! مندرجہ بالا علامات کے حوالے سے صرف اور صرف برائی اونیا روزانہ Bryonia 200 صبح شام پھر ایک ہفتہ برائی اونیا Bryonia 200 پانچ دن صبح، دوپہر رات پھر پانچ دن برائی اونیا 200 ایک خوراک استعمال کرائی۔۔

یعنی نارمل آ گیا۔ Negtive تمام جسمانی علامات درست ہو گئیں۔۔ لیبارٹری ٹیسٹ بھی

کی ایک خوراک بھی دی گئی۔ Sulphur 1M دوران علاج علامات کی ترتیب کیلیے سلفر

آپ کی دعاؤں کا طالب :-

ہومیو معالج ڈاکٹر عبدالوحید قریشی الحسنی

(سمن آباد لاہور۔(31-07-2021

کینسر بیماری نہیں بلکہ بے حسی ہے! اوش اسٹیٹ میڈیکل 11/26/21, 10:05 PM - M.Hasham Samdani: یونیورسٹی، ماسکو، روس کے کینسر کے ماہر۔ گپتا پرساد ریڈی (بی وی) کہتے ہیں کہ کینسر کوئی مہلک بیماری نہیں ہے، بلکہ لوگ اس سے صرف بے حسی کی وجہ سے ہی مر جاتے ہیں۔

ان کے مطابق، اگر صرف دو طریقوں پر عمل کیا جائے تو کینسر ختم ہو سکتا ہے۔ طریقے یہ ہیں: -

1 _ پہلے ہر طرح کی چینی کھانا چھوڑ دیں۔ کیونکہ، اگر آپ کو اپنے جسم میں شوگر نہیں ملتی ہے تو، کینسر کے خلیات قدرتی یا قدرتی طور پر ختم ہو جائیں گے۔

2 _ اس کے بعد ایک گلاس گرم پانی میں ایک لیموں کا چمچ مکس کریں۔ اس لیموں ملا ہوا گرم پانی کو خالی پیٹ پر صبح تین بجے صبح کھانے سے پہلے پی لیں۔ کینسر ختم ہو جائے گا۔

میری لینڈ کالج آف میڈیسن کے مطالعے سے معلوم ہوا ہے کہ یہ کیمو تھراپی سے ہزار گنا بہتر ہے۔

3۔ روزانہ صبح اور رات تین چمچ نامیاتی ناریل کا تیل کھائیں، اس سے کینسر کا علاج ہو گا۔

شوگر سے گریز کرنے کے بعد درج ذیل میں سے کسی بھی دو معالجے میں سے ایک لیں۔ کینسر آپ کو تکلیف نہیں دے سکتا۔ تاہم، غفلت یا بے حسی کا کوئی عذر نہیں ہے۔

نوٹ کریں کہ لوگوں کو کینسر سے بچانے کے لئے۔ گپتا پرساد گذشتہ پانچ سالوں سے اس معلومات کو سوشل میڈیا سمیت مختلف ذرائع سے پھیلا رہا ہے۔

انہوں نے سب کو جاننے کا موقع فراہم کرنے کے لئے اس معلومات کو پھیلانے کی درخواست کی۔

انہوں نے کہا، "میں نے اپنا کام کیا۔ اب آپ اپنا کام کریں اور اپنے آس پاس کے لوگوں کو کینسر سے بچائیں! کینسر کے ماہر گپتا پرسادریڈی نہ صرف ایک ڈاکٹر ہیں بلکہ ایک مسیحا بھی ہیں!

Cancer is not a disease but anesthesia! Oncologist at Osh State Medical University, Moscow, Russia. Gupta Prasad Reddy (BV) says that cancer is not a deadly disease, but people die from it only due to indifference.

According to him, cancer can be eliminated if only two methods are followed. The methods are: -

1_ Quit all kinds of sugar food first. Because, if you don't get sugar in your body, the cancer cells will die naturally or naturally.

2. Then mix a lemon chip in a glass of warm water. Drink warm water mixed with this lemon on an empty stomach at 3 o'clock in the morning before eating. The cancer will be gone.

A study by the Maryland College of Medicine found that it is a thousand times better than chemotherapy.

3. Eat three tablespoons of organic coconut oil daily in the morning and at night, it will cure cancer.

Take one of the following two treatments after avoiding diabetes. Cancer can't hurt you. However, there is no excuse for negligence or indifference.

Note that to protect people from cancer. Gupta Prasad has been disseminating this information through various means including social media for the last five years.

He asked for the information to be disseminated to provide an opportunity for everyone to know.

He said, "I did my job. Now do your job and save the people around you from cancer! Oncologist Gupta Prasad Reddy is not only a doctor but also a Messiah!"

ŦȺŁɃ Ɇ ĐUȺ ₦ȺꝞɆɆĐ RɆĦ Ⱥ₦

03325863430 ₩ĦȺŦ'$ UⱣ

11/26/21, 10:05 PM – M.Hasham Samdani: *اووری سسٹ Ovarian Cyst*

تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ □ ✍

اووریز کو اردو میں بیضہ دانی کہتے ھیں

اور اس میں آجکل سسٹ بن رھی ھے

یعنی پانی سے بھرا چھوٹا سا غبارہ ایک تھیلی نما جیسے سسٹ بولتے ھیں

علامات *۔ اگر اووری سسٹ بن جائے تو ہارمون لیول خراب ھو جاتا ھے جس کی وجہ سے حیض یعنی منسز میں کمی بیشی یا بند ھو جاتے ھیں اووریز کے مقام پے درد اور منسز کے درمیان شدید درد زیادہ ھوتا ھے *

Treatment علاج

Oophorinum 3x آفورینم

Apis 3x اپیس میلیفیکا

Calcarea Sulph 3x کلکیریا سلف

درد کیلئے   *

Belladonna بیلاڈونا

Magnesia Phos میگنیشیا فاس

استعمال کری

پورے اعتماد کے ساتھ کیس لیں انشااللہ دو ماہ کے اندر سسٹ ختم ھو جائے گی

نوٹ*۔ مینسز کی خرابی اور یوٹرس کے مسائل کیلئے*

نوٹ*۔ سسٹ اگر ساتھ منسز کے مسائل ھوں تو نیچے دی گئی میڈیسن علامات کے مطابق استعمال کریں   *

ہیلپنگ میڈیسن

Helonias ہیلونیاس

Vibernum Opulus وائی برنم

Aletris Farinusa ایلٹرس فیرینوسا

Ashoka اشوکا

Pulsatilla پلساٹیلا

علامات کے مطابق استعمال کریں انشا اللہ شفا ہو گی

میرا مقصد آسان ہومیو پیتھی

11/26/21, 10:05 PM - M.Hasham Samdani: ایمرجنسی 15 میڈیسن

1.ACONITE 30 OR 200

SHOCK

اچانک کسی بیماری کا آنا

2.APIS 30 OR 200

کسی مکھی کا کاٹ لینا اور

سوزش کا آنا

3.ARNICA 30 OR 200

چوٹ کی وجہ سے نیل پڑ جا ہے

4.ARSENICUM ALB 30

FOOD POISNING

5.BELLADONA 30

سوجن سر درد بخار

6.BELLIS PER 30

درد کیلئے

7.CALANDULA Q

چوٹ کے زخم کے اوپر لگانے کی دوا

8.CANTHARIS 30

U T I پیشاب جلن اور درد

9.CARBO VEG 30

گیس درد وغیرہ

10.COLOCNTHIS 6X OR 30

پیٹ درد کیلئے

11.HEPHER SULP 30

زخم کے خراب ہونے پر

12.HYPERICUM Q

کاٹنے کی وجہ سے زخم اوپر لگانے کی دوا

13.NUX VOMICA 30

گیس کی وجہ سے سر درد وغیرہ

14.RHUS TOX 30

جوڑوں کے درد کیلئے

15.SULPHUR 30

SKIN ITCHING

جلد کی خارش

طالب دعا

ڈاکٹر محمد عباس گجر احمد پور شرقیہ

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: *❇□ جوڑوں کا درد۔ Rheumatism*❇□

تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ □ ✍

گنٹھیا □

یورک ایسڈ □

❇□ مکمل علاج □ ✍ □ ❇

Urtica Urens آرٹیکا یورینس۔

یورک ایسڈ۔ گنٹھیا کی لاجواب دوا

یہ دوا بڑھے ھوئے یورک ایسڈ اور گنٹھیا کو بہتر کرتی ھے۔

Abrotanum ابراٹینم۔

درد ایک عضاء سے دوسرے عضاء میں منتقل ھو۔ بڑے جوڑوں میں درد یورک ایسڈ اور گنٹھیا کی درد کی لازم دوا۔

*Berberis Vulgبیر بیریس ولگارس۔ *

کندھے۔ بازو۔ ہاتھ۔ ٹانگوں کے جوڑوں میں شدید درد۔ کھڑے ھونے پر ایڑیوں میں درد۔ انگلیوں کے ناخنوں کے نیچے درد۔

*Bryonia Alb برائی اونیا۔ *

جوڑوں کا درد۔ حرکت سے تکلف زیادہ گرمی اور دباو سے تکلیف میں کمی

*Colocynthis کالوسنتھ۔ *

کولہے کا درد جو گھٹنوں تک آجائے۔

درد والی جگہ کو دبانے اور گرم رکھنے سے سکون ھوتا ھے۔

*Ledum pal لیڈم پال۔ *

جوڑوں کا درد جو نیچے سے اوپر کی طرف جائے۔ یہ علامت اہم ترین علامت ھے۔ اس دوا کو بڑی طاقت میں استعمال کریں۔

Kalmia کالمیا۔

اس دوا کی رہنما علامت ھے درد اوپر سے نیچے کی طرف آتے ھیں۔ عموماً اس دوا کے مریض جوڑوں کے درد کے ساتھ دل کی تکلیف میں مبتلا ھوتے ھیں۔

Ruta روٹا۔

کلائی کے جوڑ میں درد اور جوڑوں کے پٹھوں اور جوڑوں میں درد کا ھونا۔

Ranunculus Bرینن کیولس بلب۔

کندھوں کے جوڑوں اور پسلیوں کی ہڈیوں میں درد ھونا۔

Hypericum ہائی پیریکم۔

کولہے کے جوڑ کا شدید اعصابی درد

Arnica آرنیکا۔

چوٹ کی وجہ سے جوڑوں اور پٹھوں میں درد۔ جوڑوں اور ہڈیوں کی اعلی دوا

Ammonium Phos امونیم فاس۔

یورک ایسڈ۔ ہاتھوں انگلیوں کے جوڑوں اور ہاتھ کی پشت کی ہڈیوں کا درد۔ جوڑوں کی خرابی کو بہتر کرتی ھے۔ چہرے کا لقوا

Rhus Tox رسٹاکس۔

حرکت کرنے سے درد میں کمی۔ پسینہ دب جانے سے جوڑوں کی تکلیف۔

Guaiacum گوائیکم۔

ہاتھوں۔ بازو۔ کندھوں میں درد

جوڑوں کی درد کی وجہ سے پٹھوں کا سکڑ جانا۔ کمر درد۔ اس دوا کی دردیں حرکت۔ گرمی اور چھونے سے بڑھ جاتی ھیں۔

Gnaphalium نیفالیم۔

جوڑوں میں کبھی درد اور کبھی سُن ھونے کا احساس۔ جوڑوں کا پرانا درد۔ کمر درد۔ لنگڑی کا درد۔

Casticum کاسٹیکم۔

خشک ٹھنڈی ھوا سے تکلیف میں اضافہ

گرمی سے سکون۔ جوڑوں کا پرانا درد۔ جوڑ کافی حد تک خراب ھو چکے ھوں۔

Drosera ڈروسیرا۔

ٹخنوں اور پیروں کے جوڑوں کا درد جس کے ساتھ پٹھوں میں سختی آجائے۔

Mag Phos میگھنیشیا فاس۔

جوڑوں کی درد۔ پٹھوں کا درد اور کھچاو

درد اپنے مرکز سے چاروں طرف پھیلتا ھے۔ حرارت سے کمی ھوتی ھے۔

Calcium Phos کیلشیئم فاس۔

کمزوری ہڈیوں کو مضبوط بناتی ھے جسم میں کیلشیئم کی کمی کو پورا کرتی ھے یہ دوا بطور ہیلپنگ میڈیسن دوران علاج جاری رکھیں۔

Ginseng Q۔ جن سنگ

بزرگوں کے جوڑوں کے پٹھوں کو لچکدار بناتی ھے۔

جوڑوں اور کمر کا درد

میرا مقصد آسان ہومیوپیتھی

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: *ونا ڈیم 3x-30*

Vanadium 3x-30

(قوت مدافعت خون میں آکسیجن اور خون بڑھانے کا ٹانک)

تحریر۔ڈاکٹر محسن چدھڑ ✍

اس دوا کو بیشمار خوبیوں کی بدولت ایک مقام حاصل ہے اس دوا کی چند خصوصیات اور فوائد مندرجہ ذیل ہیں

نمبر 1. جسم میں آکسیجن کی کھپت کو پورا کرتی ہے

نمبر 2. ہیموگلوبن کی مقدار کو بڑھا کر خون کی کمی پوری کرتی ہے

نمبر 3. قوت مدافعت بڑھاتی ہے

نمبر4. جسم میں آکسیجن کے تناسب کو کنٹرول کر کے زہریلے مادے اور نقصان دہ خلیات کو کو ختم کر دیتی ہے

نمبر5. پیشاب میں البیومن کو روکتی ہے

نمبر6. نظام ہضم کو بہتر کرتی ہے

نمبر7. کمزوری کی وجہ سے لرزہ اور چکر آنے میں مفید ہے

نمبر8. دل کی شریانوں کی سختی جیسے دل نچوڑا جارہا ہے

اس کے علاوہ

مالخولیا، گلے کی سوزش، ہسٹیریا، ٹی بی، جگر اور شریانوں پر چربی آجانا، ذیابیطس، گنٹھیا، آنکھ کے عصاب کی سوزش میں بھی اپنا اثر رکھتی ہے

میرا مقصد آسان ہومیوپیتھی

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ڈاکٹر فریدہ مسعود

حمل کے دوران خواتین کے مسائل

یہ مسائل اتنے زیادہ ہیں اگر لکھتے چلیں جائیں تو ایک پوری کتاب بن جائے

اس لئے اس ٹاپک کو دو حصوں میں لکھوں گی جیسے شوق ہو گا وہ اگلے کا انتظار کرے گا

رحم کی تکلیف کے لئے

رحم میں ہلکا ہلکا درد محسوس ہوتا ہے

Kali-Phos + Ferr-Phos + Silicea = 6x

کی دو دو گولیاں

تسہیل ولادت کے لیے......1

.کی ایک خوراک ہفتہ وار Caulophylum = 200 آٹھویں ماہ سے

وضع حمل کی دردیں شروع ہونے پر....2

Mag-Phos = 6x Kali-Phos +

کی طاقت میں۔

چھ چھ گولیاں نصف کپ گرم پانی میں حل کر لیں اور ہر آدھے گھنٹہ کے بعد چمچ سے ایک ایک گھونٹ پلائیں۔

ولادت کا وقت قریب آنے پر اور ولادت کے فوراً بعد.......3

Arnica = 1000

کی ایک خوراک لے لیں۔

حاملہ عورت کی متلی.......4

سمفوری کارپس

Symphoricarpus = 30

اگر بچہ اُلٹا ہو......5

Pulsatilla = 200

دوران حمل قبض ہو تو.......6

Alumina = 30

اگر بچے کی پیدائش کے بعد ڈیپریشن ہو جائے تو........7

Ignatia = 200

حمل کے دوران رحم کی بیرونی جھلی پھٹ جائے اور Placenta کے باہر نکلنے کا رجحان ہو تو.......8

=30 Sabina

بار بار حمل ضائع ہوتا ہو تو........9

Kali-Carb + Sabina = 30

کئی بار حمل ضائع ہوا ہو تو.......10

Caulophylum + Kali Carb = 30

حمل کے تیسرے ماہ بچہ سکڑنا شروع ہو جائے تو......11

Sepia = CM

اور پھر دوسری خوراک 3 ماہ بعد.

باقی اگلے ارٹیکل میں لکھوں گی

اللہ آپ کے لئے آسانیاں پیدا کرے

ڈاکٹر فریدہ مسعود

PHF چیئر پرسن

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: خواتین میں غیر ضروری بالوں کے اضافہ

.... اور ہومیو پیتھک میکانزم

نوٹ

یہ پوسٹ ہومیو ڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس کیلئے کی جاتی ہیں سیلف میڈیکشن سے اجتناب کریں کسی ماہر ہومیو ڈاکٹر سے مشورہ کر کے استعمال کریں .....

.... تحریر

ہومیو پیتھ ڈاکٹر علیم الحق

03438190007

...... علیم ہومیو کلینک کوئٹہ

خواتین میں اکثر چہرے جسم ہونٹوں کے اوپر غیر ضروری بالوں کا اضافہ دیکھا جاتا ہے جس کی مختلف وجوہات ہوا کرتی ہیں سب سے بڑی وجہ آج کل نامناسب غذا کا استعمال جو مختلف کیمیکلز شامل ہوتے ہیں جو جسم میں ہارمونل تبدیلیوں کا باعث بنتے ہیں اور دوسری

بڑی وجہ کثرت ایلوپیتھک ادویات کا بے جا استعمال سائیکوسس میازم کا ہونا جس کی وجہ سے یوٹرس کے مسائل تھائیرائیڈ کے مسائل کا سامنا رہتا ہے ......

.....اب ایسے مریض میں ہسٹری لیتے ہوئے دیکھیں مسلہ کیا ہے

کیا سائکوسس ہسٹری ہے ؟؟؟

کیا منسز یوٹرس اوری کے مسائل ہیں ؟؟؟

کیا تھائرائیڈ کا مسلہ ہے .؟؟؟

.....کھانا پینا رہنا سہنا کس طرح کا ہے

....ایلو ادویات کھائی ہیں یا یونانی ادویات کھائی ہیں

.....پھر اگر جو مسلہ نظر آئے یوٹرس کا اوری کا تھائرائیڈ کا خون کی کمی ہے جسامت کیسی ہے

... یہ سب دیکھ لیں پھر اگر سوزاک کی ہسٹری ملے تو پہلے میڈرونیم دے کر تھوجا دیں

یاد رکھیں بالوں کی نشونما کم ہو یا زیادہ ہو دونوں صورتوں میں تھوجا دوا علاج کا لازمی جز ہویا کرتی ہے یہ جسم میں ہارمونز کی خرابی کے نتیجے میں بالوں میں اضافہ یا کمی میں ہارمونز کو لیول کرتی ہے........ تو یہاں تھوجا خواتین میں غیر ضروری بالوں میں اضافے کی .....بنیادی دوا ہو گی اس سے پہلے یا اس کے بعد علامات وجوہات میازم کو مد نظر رکھ کر دوا دی جائے گی

........پھر تھوجا دیں

....اگر بالوں کی اضافی گروتھ کے ساتھ منسز کا مسلہ بھی ہو تو پلسٹلا کو تھوجا کے بعد علاج میں ایڈ کر دیں

...خون کی کمی ہو خون میں نمکیات کا توازن خراب ہو جلد چکنی ہو نمکین کی خواہش ہو تو نیٹرم میور کو تھوجا کے بعد شامل کر دے گے

....اگر یوٹرس کی خرابی لگے پیڑوں کا درد نیچے کی جانب ہو ٹرس ک دباو ہو تو سیپیا کو تھوجا کے بعد ایڈ کر دین

اسی طرح پھر اگر ٹیسٹ رپورٹس ہیں تھائرائیڈ کا مسلہ ہے تو تھاروڈینیم لو پوٹینسی میں تب دیں گے جب تھائرائیڈ کا فنکشن سلو ہو اگر ..... .زیادہ فنکشن کر رہا ہو تو ہائی پوٹینسی تھاروڈینیم دیں گے تھوجا کے بعد

اگر الٹرا ساؤنڈ میں کوئی سسٹ ہے تو تھوجا دے کر فولی کولینیم دیں او فورنیم اپیس میں سے کوئی دوا دیں اور ٹیوبر بھی انٹر کرنٹ کر سکتے ہیں.....

......باقی مدد گار دوا اضافی بالوں کی اولیم جیک کسی بھی پوٹینسی میں دیتے رہیں

....اس طرح اگر ایلوپیتھک ادویات کھائی ہو تو پہلے نکس دیں اور اگر فاسٹ فوڈ آرام دہ زندگی ہے تب بھی نکس پہلے دیں

......اگر بلوغت سے پہلے چھوٹی بچیوں میں غیر ضروری بالوں کا اضافہ دیکھنے میں آئے تو تھوجا کے بعد کلکریا فاس کا استعمال کروائیں

امید ہے بے شمار ڈاکٹرز کو خواتین میں اضافے بالوں میں جو ناکامی ہوتی ہے پوری کوشش کی گئی ہے ایک پورا طریقے کار سمجھایا جا سکے کے ناکامی کو کامیابی میں بدل سکے.......اور اگر یہ مسلہ جینیٹکس کا ہو یا ملٹی میازم وجوہات ہوں تو اس میں کارسنوسنیم انٹر کرنٹ کی جا سکتی ہے.....

.....دعا کی گزارش ہے

مجھے ان سوشل میڈیا پر جوائن کر سکتے ہیں.... لنک نیچے دیے گئے ہیں.... واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے شناخت ضروری ہے.....

واٹس ایپ.....

https://chat.whatsapp.com/KbeaM5VzmP1BiBrmW2NKx7

فیس بک. ......

https://www.facebook.com/groups/2892093231059258/

ٹیلی گرام.......

https://t.me/joinchat/GFnVfkjAC5t_GigL

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ہر پیز.......

نوٹ

یہ پوسٹ ہومیوڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس کیلئے کی جاتی ہیں سیلف میڈیکشن سے اجتناب کریں کسی ماہر ہومیوڈاکٹر سے مشورہ کر کے استعمال کریں .....

تحریر ....

ہومیو پیتھ ڈاکٹر علیم الحق

03438190007

علیم ہومیو کلینک کوئٹہ ......

ہرپیز کی بہت سی ادویات میں رینکولس بلب ایپس کنتھرس اکنشیا ارٹیکا یورنس ٹیلوریم تو جان لی جس میں سرفہرست رہسٹاکس ہے جس میں اول نمبر پر ہے اس کے چھالے سرخ اور پانی بھرا ہو یا ہوتا ہے

اور بہت سی ادویات آپ ہرپیز کے زمرے میں جانتے ہونگے....اب ان سے ہٹ کر کچھ ادویات پر بات کرتے ہیں ....

ہرپیز کی ایک اور کارگر دوا ہے آرنیکا

آرنیکا میں چھوٹے چھوٹے چھالوں کی فصل اگتی ہے جس کی رنگت کالے اور نیلے رنگ کی ہوتی ہے ....

اسی طرح آرسنیک اپنی پیاس اور بے چینی میں ہرپیز کی بہترین دوا ہے

اب یہ اعصابی چھالے کہلاتے ہیں تو اعصاب سے متعلق چھالوں میں جو ہرپیز یا شنگل کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اب اعصابی چھالوں میں جو سب سے بہترین ادویات ہیں وہ ایک جلسیمیم اور زنکم میٹ ہیں ہرپیز اور شنگل کی اپنی اپنی علامات میں بہت ہی کارگر ادویات ہیں زنکم کے چھالے سلیٹی رنگت کے ہوتے ہیں ....

اب ان میں جو انٹرکرنٹ ادویات استعمال ہوتی ہیں ان میں پہلے نمبر پر ویریولینیم ہے اب ویریولینیم چیچک کے مواد سے بنتی ہے اگر ہم ہومیوپیتھالوجیکل نظر سے دیکھیں تو چیچک یا لاکڑا کاکڑا کے جراثیم نروس سسٹم میں چھپ جاتے ہیں اور وہاں سے نروس سسٹم کو

کمزور کرتے ہیں جس کے نتیجے میں ہرپیز وائرس جسم پر حملہ کر کہ اعصابی چھالے پیدا کرتا ہے دوسرا فصل کی شکل میں جتنے بھی دانے چھالے ہوتے ہیں علاج بالمثل کی روسے ویرو لینیم اس میں انٹر کرنٹ استعمال ہوتی ہے اس کے علاوہ سورنیم تھوجا پائرو جینم انتھرا سینیم بیسلینیم بھی انٹر کرنٹ کے طور پر جو کرانک ہرپیز ہے اس میں اپنی علامات کے حساب سے استعمال کی جاسکتی ہیں......

مجھے ان سوشل میڈیا پر جوائن کر سکتے ہیں.... لنک نیچے دیے گئے ہیں.... واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے شناخت ضروری ہے.....

واٹس ایپ.....

https://chat.whatsapp.com/KbeaM5VzmP1BiBrmW2NKx7

فیس بک. ......

https://www.facebook.com/groups/2892093231059258/

ٹیلی گرام.......

https://t.me/joinchat/GFnVfkjAC5t_GigL

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ناکام کیس/ناکامی کی ہومیو میں اہمیت

تحریر....

ہومیوپیتھ ڈاکٹر علیم الحق

03438190007

علیم ہومیو کلینک کوئٹہ......

آپ کی بات بلکل درست ہے میں جب نیا نیا ہومیو کے سوشل میڈیا پر آیا تھا تو میں نے بھی یہی رائے دی کے ہمیں اپنے ناکام کیس بھی شیئر کرنے چاہیے کیونکہ اصل سیکھنے کا عمل ناکامی کو سمجھنے سے پورا ہوتا ہے کہ ہمیں ناکامی ہوئی کیوں اور چند ناکامیاں سامنے رکھی مگر جو بڑے نام سنیئرز بنے ہوئے تھے ان کے آگے رکھی مگر سب نے رد کر دیا مزاق بنا کر.....

حقیقت یہ ہے کہ ہم اپنی ناکامی تسلیم ہی نہیں کرتے اگر تسلیم کریں گے تو کوئی ہمیں بڑا نام بڑا ڈاکٹر نہیں مانے گا کیسے 1 سنگل ریمیڈی سب سے بہترین طریقہ ہے کا رونا رونے والے اپنی ناکامی تسلیم کر کے سنگل ریمیڈی کو برا بنائیں یا کوئی کمبنیشن یوزر کیسے اپنی بار بار بیماری کے عود آنے کو تسلیم کرے کیسے کوئی مائینڈ میتھڈ والے پتھالوجیکل کیس میں ناکامی کا بتائیں گے کیسے کوئی پتھالوجیکل کیس میں ہم بیماری کی وجہ نظر انداز کرنے پر بری طرح ناکامی اور کیس کو موت کے منہ میں جاتا بتائیں گے ؟؟؟ کیسے ہائی پوٹینسی کے بے دریغ استعمال کی وجہ سے لوگوں کو لاعلاج ہوتا کوئی ہائی پوٹینسی یوزر تسلیم کرے گا..... تو کیسے لو پوٹینسی والے لگاتار کئی ماہ کئی سال دوا کھلا کھلا کر مریض کی ادویات کی پروونگ کی وجہ سے تباہ کاریاں کوئی تسلیم کرے....

یہاں آج تک کوئی 1 بھی کوئی 1 بھی حقیقت کو تسلیم کرنے والا شخص نہیں ملا نہ نظر آیا مجھے جو سچ کو قبول کرے یہاں ہر کوئی خود کو صحیح اور دوسرے کو غلط کہتا ہے تو کیسے کوئی اپنا ناکام کیس شیئر کر کے سیکھنے یا سکھانے کی کوشش کرے گا یہاں تو سب افلاطون ہیں.......

یہ سب دیکھنے کے بعد میں نے خود ہر چیز کی افادیت اور ناکامی ہر میتھڈ طریقے کار کی سمجھ کر کون سا میتھڈ کہاں ناکام ہوتا ہے وہاں دوسرا کوئی میتھڈ اپنا کر کامیابی حاصل کی جائے تو بہت سے میتھڈ کی افادیت کو بہت سے دوسرے ڈاکٹرز کے ناکام کیسوں پر استعمال کر کہ کامیابیاں حاصل کرنی شروع کر دی خود کو کسی 1 میتھڈ کی محتاجی سے نکال کر مختلف میتھڈ کو سمجھ کر انہیں استعمال کرنا شروع کیا اور اس کا یہ فائدہ بھی ہوا کہ بہت سی چیزیں راستے سمجھ آنے لگے گئے اور اللہ کے کرم سے 1 اپنا بھی میتھڈ ترتیب دیا 1 جس اپر کام چل رہا ہے .....

مجھے ان سوشل میڈیا پر جوائن کر سکتے ہیں.... لنک نیچے دیے گئے ہیں.... واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلئے شناخت ضروری ہے.....

واٹس ایپ.....

https://chat.whatsapp.com/KbeaM5VzmP1BiBrmW2NKx7

فیس بک . ...

https://www.facebook.com/groups/2892093231059258/

ٹیلی گرام.......

https://t.me/joinchat/GFnVfkjAC5t_GigL

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: عام طور پہ سر کے مختلف حصوں میں پھپھوندی (mould)

لگنے سے بالوں کے فولیکلز والے سوراخ بند ہو جاتے ہیں۔ اگر ان سوراخوں کو کھال دیا جائے تو بال دوبارہ سے اگنے لگ جائیں گے

میں ملالیں۔ چند قطرے جہاں پہ بال کم ہو لگا کے اچھی طرح مل ml کو کونٹ آئیل 50 ml میں 25 Q اور آرنیکا Q جبورنڈی

لیں۔ بعض لوگوں کو چبھن ھوتی ہے اور اگر کچھ عرصہ تک لگاتار لگائیں تو آپ کو خود احساس ھو گا کہ سر کے پورز کھلنا شروع ہو گئے

ہیں اور بال بھی بتدریج اگنے لگتے ہیں۔

مسلسل لگانے سے فرق محسوس ھوتا ہے۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: Ruta

نظر کی کمزوری کے لئے روٹا200 بہترین ہے۔

ہڈی میں چوٹ کے لئے روٹا بہت اچھا رزلٹ دے گی۔

وضع حمل کے بعد اکثر عورتوں کو پاخانہ کرتے وقت کانچ نکلنے کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔ لیکن روٹا 1m کی ایک ڈوز انشاء اللہ یہ

تکلیف رفع کر دے گی۔

زچہ کو بچہ کو دودھ پلاتے جب پستان پر اکلہ تنگ کرے تو روٹا سکون دے دی گی۔ انشاء اللہ

نوٹ۔ پستان کے اکلے پر روٹا کا مرہم بہت مفید ہے۔

انسانوں کے ساتھ ساتھ ہومیوپیتھک پرندوں کے لیے بھی شاندار رزلٹ مہیا کرتی ہے۔ اگر مرغیوں کی چوٹی پر سیاہ داغ بن جائیں جو

کہ طاعون کی ایک علامت ہے۔ روٹا سے اس مرض سے مرغیوں کو چھٹکارا مل سکتا ہے۔ انشاء اللہ۔

اکثر لوگ ٹانگ پھیلا کر بیٹھتے ہیں۔ اگر ان کو ایسی حالت ران درد کا سامنا کرنا پڑے تو روٹا ان اس درد سے سکون دے گی۔ انشاء اللہ

مشتاق احمد ڈھولن قصور

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: *_ہومیوپیتھک میں**بغیر آپریشن**_علاج ممکن ہے_*

کلینکل کیس۔

تحریر ہومیوپیتھک ڈاکٹر محمد محسن چیمہ 03013961186

مارچ 2021 کو میرا دوست کلینک پے آیا اندر داخل ہوتے ہی کہنا لگا کہ یار آپ کے ڈاکٹر ہونے کا مجھے کیا فائدہ وہ یہ بات کہتے 3 ہوئے زور زور سے رونے لگ گیا۔ میں نے اسے تسلی دی اور اس کے ہاتھ سے ایکسرے رپوٹ پکڑ لی جب دیکھا تو اس میں ایک شیشے کا ٹکڑا نظر آیا۔ اس سے وضاحت پوچھی تو کہتا ہے کہ میری بچی جس کی عمر 11 سال ہے بچوں کے ساتھ کھیل رہی تھی اچانک نیچے گری اور شیشے کا ٹکڑا اس کی کمر میں لگ گیا بہت کوشش کی لیکن نہیں نکال سکا ایک ایلوپیتھک ڈاکٹر صاحب کے پاس گیا انھوں نے کچھ ادویات دی لیکن مرض بڑتا گیا جوں جوں دوا کی۔ انٹی بائیوٹک ادویات لینے کی وجہ سے کمر کا سوراخ تو بند ہو گیا لیکن درد بڑتا گیا۔

ایک اور ڈاکٹر کے پاس گیا انھوں نے آپریشن کا مشورہ دیا آپریشن کروانا نہیں چاہتا۔ آپ کوئی اچھا سا ڈاکٹر بتا دیں یا خود اس کا علاج کرے۔ میں نے اس ئے تسلی دی اور سلیشیا 30 دس دن کی بنا کر رخصت کیا اور ہدایت کی کہ اس دوران اگر جسم میں کوئی تبدیلی واقع ہو تو بچی ساتھ لیکر آنا۔ 8 دن کے بعد جب بچی کو ساتھ لیکر آیا اور کہنے لگا کہ کل سے بچی کے پیٹ پر ایک بڑا سا دانا بنا ہے میں نے دانا دیکھا تہ وہ بہت نرم سا تھا اس کو تھوڑا دبایا تو شیشے کا ٹکڑا باہر آ گیا جب میرے دوست نے وہ شیشے کا ٹکڑا دیکھا تو اس کی خوشی قابل دید تھی وہ بہت خوش تھا وہ شیشے کا ٹکڑا لیے ہومیو کے گن گاتا ہوا چلا گیا اس دن کے بعد سے اسکا ہومیوپیتھک پر یقین پختہ ہو گیا۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: Absinthium

مرگی جس میں دورہ سے پہلے اعصابی جھٹکے۔ شدید چکر۔ مریض کی بڑبڑاہٹ۔ پھر بے ہوشی پائی جاتی ہے۔

گلے میں گولہ رکھے ہونے کا احساس۔

ہسٹیریا کی بہت بڑی دوا۔

بچوں کے تشنج کی بہت بڑی دوا۔ کھمب

(Mushroom)

کے زہر کا توڑ۔

ایسی ماہواری کی لئے شاندار ہے جو وقت سے پہلے ہی خشک ہو جائے یعنی

(premature menopause)

بچوں میں بے خوابی کے لئے بہت اچھا رزلٹ رکھتی ہے۔

کئی مسائل کا حل۔ (tongue) زبان

مشتاق احمد قصور

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: *عورتوں کے بال گرنا Hair Falling*

تحریر۔ڈاکٹر محسن چدھڑ ✍

نیٹرم میور۔Nat-Mur

سر کی خشکی اور عورتوں میں بچہ کی پیدائش کے بعد بال گرنا۔

*Sepia سپیا۔ *

دوران حمل بالوں کا گرنا

فاسفورس۔ کلکیریافاس

سر کے بال گچھوں میں اتریں

*Vinca Minor وینکامائنر۔ *

سر کا ایکزیما و جلدی امراض کی وجہ سے بالوں کا اُتر جانا سر کی جلد ایسے ھو جائے گنجا پن ھو گیا ھے۔

ویزبیڈن*۔ *

کنگی کرتے بال گریں یہ دوا بالوں کی جڑیں مضبوط کر کے گہرے کرتی ھے

Acid Phos ایسڈ فاس۔

سر کے بال گریں اس کے علاوہ بھنووں اور پلکوں کے بالوں کا گرنا۔

Alumina ایلومینیا۔

کھوپڑی و جسم سے کافی مقدار میں بالوں کا گر جانا دوا ایلومینیا۔

Medorrhinum میڈورنیم۔

خارش و جلدی امراض کی وجہ سے سر کے بال گرنا۔

نوٹ۔ تمام میڈیسنز علامات کے مطابق استعمال کریں

اس کے علاوہ*۔*

ایسڈ فلور۔ نائٹرک ایسڈ۔ تھوجا۔ اُسٹیلیگو قابل ذکر دوائیں ھیں۔

میرا مقصد آسان ہومیو پیتھی

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: آج کا ٹاپک Natrum Muriaticum

آج کی میڈیسن سادہ سی نظر آتی ہے۔ لیکن اپنے اندر بے شمار خوبیاں سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کے بہت اہم نقاط پیش خدمت ہیں۔

مردوں اور عورتوں میں low libido کی بہت بڑی میڈیسن ہے۔

جب حمل کے دوران حاملہ کو oedema ہو تو نیٹرم میور کمال دیکھا دیتی ہے۔

جب آنسوؤں کی زیادتی ہو جائے یعنی بغیر کسی وجہ سے آنکھوں سے آنسو آجائیں حتیٰ کہ ہنسنے کے دوران بھی آنسو جاری ہو جائیں تو نیٹرم میور ضرور یاد رکھیں۔ انشاءاللہ مایوسی نہیں ہوگی۔

جب کبھی زکام لگ جائے اور زکام کے ساتھ دست جو پانی جیسے پچکاری کی طرح خارج ہو رہے ہوں تو نیٹرم میور 200 کی ایک ڈوز انشاءاللہ سکون دے دے گی۔

جب قبض ستائے۔ ساتھ پیاس بھی ہو اور شدید پیاس کے باوجود منہ پانی کی زیادتی ہو تو نیٹرم میور کمال رزلٹ دے گی۔ انشاءاللہ۔

loss of weight کے لئے نیٹرم میور اپنا ثانی نہیں رکھتی جب ہر وقت منہ تھوک سے بھرا رہے۔

آنکھوں میں جب محسوس ہو کہ روڑ وغیرہ پڑا ہے تو نیٹرم میور اس اذیت سے چھٹکارا دلا دیتی ہے۔ انشاءاللہ۔

دائیں طرف کے آدھے سر درد میں بھی اچھا رزلٹ ہے۔ (اگر ایسا درد ستائے تو نیٹرم میور۔ سپائی جیلیا۔ سینگونیریا سے آرام نہ آئے۔ تو ہر ڈاکٹر میڈورنیم کو ضرور آزمائے)

ذیابیطس کے لئے بھی اچھا زرلٹ دے گی۔ جب قبض بھی ہو۔ پیاس کے ساتھ ساتھ منہ میں رطوبت بہت زیادہ ہو۔

اس کے علاوہ اس کو علامات کے مطابق سکروی۔ سوزاک۔ رحم کا گرنا۔ کمر درد۔ کالی کھانسی۔ ہسٹیریا۔ حیض کی کمی و زیادتی میں بھی اچھے زرلٹ کے لیا استعمال کیا جاتا ہے۔

مشتاق احمد ڈھولن قصور

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ڈاکٹر فریدہ مسعود

بال HAIR

بہت سارے مردوں کی فرمائش تھی عورتوں کے بالوں پہ تو لکھا گیا ہے مردوں کے بالوں پر بھی قلم آٹھائیں اس لئے مردوں کے لئے

1... نیٹرم میور

جب بالوں میں کنگھی کی جائے تو بال زیادہ اتریں یہ بہت زیادہ لوگوں کی شکایت ہوتی ہے اگر ایسا ہو تو نیٹرم میور بہترین کام کرتی ہے

2..... نیورانڑی

آج کل خوراک کا ناقص ہونا وٹامن پروٹین کا مناسب مقدار کا نا ہونے کی وجہ سے وقت سے پہلے مردوں کے بال سفید ہونے لگتے ہیں

اور یہ اکثر نظر آتا ہے حالانکہ ان کی عمر سفید بالوں والی نہیں ہوتی وہ اس میڈیسن کو سٹڈی کریں

3.... کالی کارب

خشکی کی وجہ سے بال گرنا ہر دوسرے بندے کا پرابلم ہے رنگ برنگے شمپو کا استعمال کرنے والوں کو اکثر اس تکلیف کا سامنا کرنا پڑتا ہے ہماری قوم میں ایمانداری کا فقدان ہے پیسے کے لالچ میں چیز کا معیار وہ نہیں ہوتا جس کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اگر اس میڈیسن کا استعمال کیا جائے تو کافی حد تک سکون ہوتا ہے

ونکا مائنز...4

بعض اوقات سر میں کوئی شدید قسم کی خارش کی وجہ سے بال گرنے لگتے ہیں اور کبھی کبھی اس تکلیف سے گنجاپن بھی ہو جاتا ہے

فلورک ایسڈ...5

آپ لوگوں نے دیکھا ہو گا ٹائیفائیڈ کے بعد کچھ لوگوں کے بال جھڑے لگتے ہیں اور بعض اوقات دیکھنے میں آیا ہے بال کی زیادتی بھی ہو جاتی ہے لیکن اکثر جھڑتے ہیں تو فلورک ایسڈ اچھا کام کرتی ہے

کالی کارب.....6

سر میں خشکی اور سکری کی زیادتی میں کالی کارب استعمال کریں اور اگر بال جھڑے لگیں تو بھی کالی کارب استعمال کریں

ویس بیڈن....7

سفید بال زیادہ ہو جائیں ان کو روکنے کے لئے اس میڈیسن کا استعمال کریں یہ میڈیسن عام نہیں ملتی کسی بڑے سٹور سے پتا کرنا پڑی گی

فاسفورس....8

سر پر گنج کے داغ نمایاں ہوتے ہیں اس کے لئے اس میڈیسن کی مکمل سٹڈی کے بعد استعمال کریں

برائٹا کارب.....9

بعض اوقات سر میں چوٹ لگ جائے اور مختلف میڈیسن کے استعمال کے بعد سر کے بال گرنے لگے تو برائٹا کارب کو مت بھولیں

سینی کیولا......10

سر کی سکری کے ساتھ بھوؤں پر بھی سکری ہونے لگتی ہے اس کے لئے سینی کیولا کا استعمال بہترین ہے

مزیریم....11

سر میں موٹی تہہ والا ایگزیمہ اور خارش ہو تو مزیدیم پہلے نمبر کی میڈیسن ہے بعض اوقات موٹے چھڑے کی مانند کھرنڈ ہو جاتے ہیں

سورائینم12

عورتوں کی طرح کبھی مردوں کے بالوں میں بھی جوئیں پڑ جاتی ہیں

ایسڈ فاس...13

اگر عام کمزوری کی وجہ سے بال گرنے لگیں تو ایسڈ فاس کو ذہن میں رکھیں

اولینڈر....14

سر کے بلکل اوپر والا درمیان کے حصہ میں صرف خارش شدید ہو تو اس میڈیسن کے استعمال سے سکون ملتا ہے

میں جب ہر میڈیسن کو سٹڈی کرتی ہوں تو اتنی باریک بینی سے ایک ایک بات نوٹ کرتی ہوں کیا کبھی کسی نے اتنی تفصیل سے سمٹم نوٹ کئے ہونگے پوری میڈیسن پر بات کرنا بہت آسان ہے لیکن ہر تکلیف کو ہر اینگل سے پرکھنا بہت مشکل ہوتا ہے اللہ آپ کے لئے اور میرے لئے اسانیاں پیدا کرے امین

ڈاکٹر فریدہ مسعود

چیئر پرسن PHF

پاکستان ہومیو پیتھک فاؤنڈیشن

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: معائندہ برائے پیشاب:

۔EXAMINATION OF URINE:

جن علامات میں تجویز کیا جاتا ہے۔

1- پیشاب کی زیادتی

2- پیروں پر سوجن اور آنکھوں کے نیچے سوجن

3- جلن دار پیشاب

4- پیشاب میں خون آنا۔

5- پیشاب کے رنگ کی تبدیلی

6- درد گردہ

7- آنکھوں کا پیلا رنگ

8- پیشاب کا تکلیف سے آنا

ایڈوائس کرنے کا طریقہ:

Adv: Urine for D/R

تیاری (Preparation):

کے لیے لیبارٹری بھجوائیں۔ D/R مریض کو یہ بتانا ضروری ہے صبح کا پہلا پیشاب پہلے سے ابال کر خشک کی ہوئی ہوٹل میں جمع کر

۔Urine D/R detailed Report:

یہ امتحان تین حصوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

پیشاب کا طبی معائنہ (1)

پیشاب کا کیمیائی معائندہ (2)

پیشاب کا مائیکرو اسکوپک معائنہ (3)

رپورٹ پڑھنے کا طریقہ:

پیشاب کا طبی معائنہ (PHYSICAL EXAMINATION):

پیشاب کا رنگ:

ہلکا پیلا = نارمل رنگ ہے

(سرخ = خون کا بہنا یا رسنا، (ادویات کے استعمال کی وجہ سے

زرد = یرقان جگر سے متعلق بیماریاں

سفید = چربی کی زیادتی (Lipidimia)

کالا = Black Water Fever

شفافیت (Transparency):

نارمل پیشاب شفاف ہوتا ہے۔ = Clear۔

اور سلفیٹ کی وجہ سے Urates انفیکشن کی وجہ سے = Turbid۔

:(PH)۔

نارمل پیشاب تیزابی ہوتا ہے = Acidic۔

انفیکشن کی وجہ سے۔ بعض ادویات کے استعمال سے کثرت پیشاب = Alkaline۔

وزن مخصوص (Specific gravity):

اتنی رینج میں نارمل پیشاب کا وزن مخصوص ہوتا ہے۔ = 1.010 - 1.035

(کمی وزن مخصوص = بتدریج کمی گردے کے افعال میں خرابی کو ظاہر کرتی ہے (کثرت پیشاب وغیرہ

(زیادتی وزن مخصوص=ذیابیطس میں پیشاب کاوزن مخصوص بڑھ جاتا ہے(پانی کی کمی

پیشاب کا کیمیائی امتحان (CHEMICAL EXAMINATION):

البیومن

ناریل ویلیو = Nil۔

گردے کے امراض، بخار میں گھٹیا = +Ve۔

شکر

نارمل = Nil۔

Cushing syndrome ذیابیطس، = +ve۔

کیٹون باڈیز

نارمل ویلیو = Nil۔

بائل پگمنٹ

نارمل ویلیو = Nil۔

مداخلتی جگر کا فعل، یرقان = ve+۔

یوروبائیلنوجن

نارمل ویلیو = Nil۔

یرقان = ve+۔

پیشاب کا خوردبینی معائنہ (MICROSCOPIC EXAMINATION):

خون کے سرخ خلیے

نارمل ویلیو = Nil۔

چوٹ گردوں پر، گردے کی سوزش = Neumerous or 7-12۔

خون کے سفید خلیے

نارمل ویلیو= 2 - 4۔

چھوت (Infection) = Neurrerous or 8-10۔

(Cast) کاسٹ

نارمل ویلیو = Nil۔

Renal Failure - Necrosis تیز بخار، ورزش کے بعد، گردوں کی = +ve۔

(Crystals) قلمیں

نارمل ویلیو = Nil۔

، گردوں کہ سختی 'Lithiasis (Gout)' پتھری بنے کی صلاحیت = +ve۔

(Yeast Cells) خمیری خلیے)

نارمل ویلیو = Nil۔

زیابیطس کی خواتین مریض = +ve۔

(Epithelial Cells) سر حلمی خلیے

نارمل ویلیو=1-2۔

خواتین میں نارمل ویلیو = +ve۔

سوزش، پتھری، ذیابیطس = +ve۔

ڈاکٹر اجمل سیال=

سہارا فیملی کلینک چشمہ بیراج میانوالی

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: #خوشی_کے_ہارمونس

چار ہارمون ہیں جن کے خارج ہونے سے انسان خوشی محسوس کرتا ہے:

1. Endorphinsاینڈورفنس،

2. Dopamine ڈوپامائین

3. Serotoninسیروٹونائین،

4. Oxytocin آکسی ٹوسین

: پہلا ہارمون اینڈورفنس ہے▪

جب ہم ورزش کرتے ہیں تو ہمارا جسم درد سے نپٹنے کیلیئے اینڈورفنس خارج کرتا ہے۔ اسلیئے خوشی پیدا کرنے والے اس ہارمون کی خوراک کیلیئے ہمیں روزانہ کم از کم 20منٹ ایکسر سائز کرنا اور کچھ لطیفے اور کامیڈی کے ویڈیوز وغیرہ دیکھنا چاہیئے۔

:دوسرا ہارمون ڈوپامائین ہے▪

زندگی کے سفر میں، ہم بہت سے چھوٹے اور بڑے کاموں کو پورا کرتے ہیں، جب ہم کسی کام کو پورا کرتے تو ہمارا جسم ڈوپامائین کو خارج کرتا ہے. اور اس سے ہمیں خوشی محسوس ہوتی ہے۔

جب آفس یا گھر میں ہمارے کام کے لئے تعریف کی جاتی تو ہم اپنے آپ کو کامیاب اور اچھا محسوس کرتے ہیں، یہ احساس ڈوپامائین کی وجہ سے ہوتا ہے۔

اب آپ سمجھ سکتے ہیں کہ عورتیں عموماً گھر کا کام کر کے خوش کیوں نہیں ہوتی اسکی وجہ یہ ہیکہ گھریلو کاموں کی کوئی تعریف نہیں کرتا۔

جب بھی ہم نیا موبائیل، گاڑی، نیا گھر، نیئے کپڑے یا کچھ بھی خریدتے ہیں تب بھی ہمارے جسم سے ڈوپامائین خارج ہوتا ہے۔ اور ہم .خوش ہو جاتے ہیں

:تیسرا ہارمون سیروٹونائین▪

جب ہم دوسروں کے فائدہ کیلیئے کوئی کام کرتے ہیں تو ہمارے اندر سے سیروٹونائین خارج ہوتا ہے اور خوشی کا احساس جگاتا ہے۔

انٹرنیٹ پر مفید معلومات فراہم کرنا، اچھی معلومات لوگوں تک پہنچانا، اور اسلام یا اپنے اچھے خیالات کی طرف دعوت دینا ان سبھی سے سیروٹونائین پیدا ہوتا ہے اور ہم خوشی محسوس کرتے ہیں۔

:چوتھا ہارمون آکسی ٹوسین ہے▪

جب ہم دوسرے انسانوں کے قریب جاتے ہیں یہ ہمارے جسم سے خارج ہوتا ہے۔

جب ہم اپنے دوستوں کو ہاتھ ملاتے ہیں یا گلے ملتے ہیں تو جسم اکسیٹوسین کو خارج کرتا ہے۔ جب ہم کسی کو اپنی باہوں میں بھر لیتے ہیں تو آکسی ٹوسین خارج ہوتا ہے اور خوشگواری کا احساس پیدا ہوتا ہے۔

خوش رہنا بہت آسان ہے:

ہمیں اینڈروفنس حاصل کرنے کے لیئے ہر روز ورزش کرنا ہے۔

ہمیں چھوٹے چھوٹے ٹاسک پورا کر کے ڈوپامائین حاصل کرنا ہے۔

دوسروں کی مدد کر کے سیروٹونائین حاصل کرنا ہے۔

اور

آخر میں اپنے بچوں کو گلے لگا کر، فیملی کے ساتھ وقت گزار کر اور دوستوں سے مل کر آکسی ٹوسین حاصل کرنا ہے۔

اس طرح ہم خوش رہیں گے۔ اور جب ہم خوش رہنے لگیں گے تو ہمیں اپنے مسائل اور چیلنجز سے نمٹنے میں آسانی ہوگی۔

اب آپ سمجھ گیئے ہوں گے کہ بچہ اگر خراب موڈ میں ہو تو اسے فوری گلے لگانا کیوں ضروری ہے؟

بچوں کیلیئے:

1. موبائیل یا ویڈیو گیم کے علاوہ گراونڈ پر جسمانی کھیل کھیلنے کی ہمت افزائی کریں۔ (اینڈروفنس)

2. (چھوٹی بڑی کامیابیوں پر بچے کی تعریف کریں، اپریشیئیٹ کریں۔ (ڈوپامائین

3. بچے کو اپنی چیزیں شیئر کرنے اور دوسروں کی مدد کرنے کی عادت ڈالیں۔ اسکے لیئے آپ خود دوسروں کی مدد کر کے بتائیں۔ (سیروٹونائین

4. (اپنے بچے کو باہوں میں بھر کر پیار کریں۔ (آکسی ٹوسین

...خوش رہیں۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ہومیوپیتھک ڈاکٹر

خالد مقصود خان

Today's Topic

Sulphur

سلفر

اس دوا کی مخصوص علامات درج ذیل ہیں

مریض کے ہاتھ پاؤں اور سر کی چوٹی میں جلن ہوتی ہے

جلدی امراض

خارش لذت دار

مریض گندہ اور میلا کچیلا رہتا ہے

لاپرواہ ہوتا ہے

کام کاج سے نفرت ہوتی ہے

مریض جب چلتا ہے تو اس کے کندھے جھکے ہوئے ہوتے ہیں

خارش جو نہانے سے بڑھتی ہے

جلدی امراض کے دب جانے کے بداثرات

انٹی سورک دوا ہے

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: اٹھرا اور ہومیوپیتھی

نوٹ

یہ پوسٹ ہومیوڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس کیلئے کی جاتی ہیں سیلف میڈیکشن سے اجتناب کریں کسی ماہر ہومیوڈاکٹر سے مشورہ کر کے استعمال کریں .....

تحریر ....

ہومیوپیتھ ڈاکٹر علیم الحق

03438190007

علیم ہومیو کلینک کوئٹہ ......

اٹھرا بیماری میں بچے یا تو ماں کے پیٹ میں ہی فوت ہو جاتے ہیں حمل بار بار ضائع ہونا یا بچوں کا مردہ پیدا ہونا یا بچوں کا پیدا ہو کر مر جانا یہ اٹھرا کی تعریف بتائی جاتی ہے مگر میرے نزدیک بچوں کا 1 خاص عمر میں جا کر مر جانا جیسے 1 سال بعد 8 سال بعد یا 18 سال بعد ..... میری نظر میں یہ سب اٹھرا کے زمرے میں آتا ہے مگر اس کو پر اسرار بیماری کا نام دے دیا جاتا ہے

اب یہ بیماری بظاہر پر اسرار اور عجیب بیماری معلوم ہوتی ہے مگر ایک ہومیوپیتھ جو میازم کو جانتا سمجھتا ہے اس کیلئے نہ یہ پر اسرار ہوتی ....ہے نہ عجیب بس میازم کی تباہ کاریاں ہوتی ہیں

...... اب علاج کے دوران ماں باپ میں میازم کی ہسٹری لازمی لیں زیادہ تر میازم عورتوں کی ہسٹری میں ملتا ہے

اب اٹھرا بیماری کے پیچھے 100 فیصد میازم ہوتا ہے جس میں ہمیشہ سفلس میازم ہوتا ہے مگر کچھ کیسیز میں سائکوسس اور ....ٹیوبر کلوسز کی ہسٹری بھی پائی جاتی ہے

علامات پر جو بھی دوا دیں سفلینیم کے بغیر کیس حل نہیں ہوتا یا ہسٹری میں جو بھی میازم سامنے آئے اس میازم کو مد نظر رکھ کر علاج ....کرنا پڑتا ہے

....میڈرونیم اور ٹیوبر کی بھی ضرورت پڑ جاتی ہے ہسٹری کے مطابق

پھر اس کے بعد کچھ علامات پر ادویات دی جا سکتی ہیں جن میں

ہیلونائس

ٹناسٹیم ولگرا

الٹرس فیرنوسہ

اشوکا

سپیا

پلسٹیلا

اٹھرا ہے تو سخت مسلہ لیکن جب میازم کی سمجھ ہو تو پھر یہ انٹی میازمٹک ادویات کی چند ڈوز کی مار ہو تا ہے اللہ پاک کے حکم اور کرم سے..... اور کیونکہ یہ جینٹک طور پر ماں باپ سے اولاد میں میازم کا شفٹ ہوناوور میازم کا ایسے جینز پر یا سسٹم پر اٹیک کرنا ہے موت واقع ہو جاتی ہے تو جنیٹکس کو مد نظر رکھ کر اس کے علاج میں کارسنوسنیم کی بھی ضرورت ہو سکتی ہے.......

مجھے ان سوشل میڈیا پر جوائن کر سکتے ہیں.... لنک نیچے دیے گئے ہیں.... واٹس ایپ گروپ جوائن کرنے کیلیئے شناخت ضروری ہے.....

واٹس ایپ.....

https://chat.whatsapp.com/KbeaM5VzmP1BiBrmW2NKx7

فیس بک . ...

https://www.facebook.com/groups/2892093231059258/

ٹیلی گرام.......

https://t.me/joinchat/GFnVfkjAC5t_GigL

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ہومیوپیتھک ڈاکٹر

خالد مقصود خان

Psorinium

سورائنیم

یہ دوا کھجلی کے دانوں سے حاصل کردہ مواد سے تیار کی جاتی ہے

اس دوا کی مخصوص علامات درج ذیل ہیں

مریض کے اخراجات مردار کی مانند بدبودار ہوتے ہیں

مریض کو بہت سردی لگتی ہے

خارش بستر کی گرمی سے بڑھتی ہے

معمولی سی چوٹیں پک جاتی ہیں

مریض کی جلد میلی گندی خشک ہوتی ہے

ناقابلِ برداشت خارش ہوتی ہے

مریض ناامید اور مایوس ہوتا ہے

بالوں میں خشکی ہوتی ہے

بال الجھے ہوئے ہوتے ہیں

سڑے ہوئے انڈوں جیسی بو جیسے ڈکار آتے ہیں

پرانا نزلہ زکام ہوتا ہے

آدھی رات کو شدید بھوک لگ جاتی ہے

مردوں اور عورتوں میں جماع سے نفرت ہوتی ہے

لیکوریا

اخراجات بدبودار ہوتے ہیں

گرمی سے علامات میں کمی

موسم سرما میں علامات میں زیادتی ہوتی ہے

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ایک لائن ایک دوا

جو لڑکیاں زمانہ بلوغت میں موقوفی حیض اور چھاتیوں کی افزائش نامکمل اور ادھوری ہونے کی شکایت کریں تو انہیں لائیکو پوڈیم دینے سے یہ تکالیف دور ہو جاتی ہیں۔ (لی اون رے نرڈ)

(لائیکو پوڈیم کے پودے کا 20 سال بعد پتہ چلتا ہے کہ نر ہے یا مادہ)

زمانہ موقوفی حیض (سن یاس) میں جب حیض زیادہ آئے تو لیکسس دیں۔ (برنٹ ایم ڈی)

سردی یا دبے ہوئے جذبات کی وجہ سے قلت حیض میں پلسٹیلا کے بعد سمی سی فیوگا کا نمبر آتا ہے (کوپر ویٹ)

کثرت حیض اور قلت حیض میں تھائیر اڈینم سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں (گھوش ایم ڈی)

کالی ہائیڈرائیڈ اور کالی بروم ایام حیض میں دینے سے اور سنیشیو مدر ٹنکچر اور جلسی میم مدر ٹنکچر ماہواری سے قبل دینے سے شدید درد اور تکلیف سے آنے والے حیض ٹھیک ہو جاتے ہیں (مور ایم ڈی)

رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے تو اکثر سیپیا بڑی طاقت میں بہترین کام کرتی ہے۔ اس کے بعد آپریشن اور کسی اور دوائی کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ بعض اس کے بعد کلکیریا کارب معاون کے طور پر دی جاتی ہے لیکن سیپیا اکثر اکیلی تمام شکایات دور کرنے کیلئے کافی رہتی ہے (جیکسن)

سورک مریضوں میں جب بہت بڑی مقدار میں دوائیں دینے سے قلت حیض کا مرض ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو ٹیوبر کولینم اونچی طاقت میں دینے سے آرام آجاتا ہے(ڈاکٹر گھوش)

جب ریشہ دار رسولی ہو، رحم بڑھ جائے، بچہ دانی کم پھیلے اور نیچے کے رخ دباؤ ہو تو فریکسی نس امریکانا ٹنکچر میں استعمال کرائیں۔(ہوم ریکارڈ)

جب رحم کی گردن کی سختی اور اکڑن آپریشن سے بھی نہ ٹھیک ہو تو گریفائیٹس کے مفید ہونے میں کوئی شک نہیں رہتا(فرینگٹن)

بچے کے دودھ چھڑانے کے باعث جب دودھ بکثرت آئے اور پستان درد کرنے لگیں کلکیریا کارب اعلی دوائی ہے(شیلڈن)

جب عورت کے پستان میں زخم ہوا ہو اور نہ ٹھیک ہو رہا ہو بلکہ ماؤفہ حصہ میں ریشہ دار رسولی کی شکل اختیار کرتا جا رہا ہو تو بیلس پرنس ایسی حالت میں بہت اعلی دوائی ہے(ڈاکٹر بوڈمین)

جب رحم کا منہ خراب ہو، گردن بڑھی ہوئی ہو، اندام نہانی کی اندرونی دیوار کی نشو و نما پیدائشی اور موروثی طور پر خراب ہو اور مباشرت کے بعد مادہ منویہ باہر نکل آتا ہو تو نیٹرم کارب مفید ہوتی ہے(فرینگٹن)

تھائیرائیڈ کا اثر ہر دو کثرت اور قلت حیض دونوں پر ہوتا ہے۔ ہر حیض پر زیادہ خون بہنے پر جب دوسری ادویات کام نہ کریں تو تھائیرائڈ کے استعمال سے ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اور جب ماہواری کا خون غیر معمولی طور پر زیادہ دیر تک رہے رک جائے اور پھر تھوڑا تھوڑا کر کے جاری رہے تو ایسی کیفیت بھی تھائیرائیڈ کے حلقہ اثر میں آتی ہے (گھوش ایم ڈی)

میاں بیوی کے تمام ٹیسٹ نارمل ہوں اور کوئی پیچیدگی نہ ہو تو بیوی کو نیٹرم میور سے حمل قرار پا جاتا ہے (ڈاکٹر بنارس)

خاندان میں کسی عزیز کی موت کے صدمہ سے اگر عورت کا دودھ خشک ہو جائے تو کافیا دودھ کی سپلائی کو بحال کر دیتی ہے (برٹش ہوم جرنل)

عورتوں میں جب ہارمون کی کمی کے باعث امراض پیدا ہوں تو گریفائیٹس خاص دوا ہے (وی کارو ایم ڈی)

ہائیپرپچوٹریزم (قلت حیض) میں میں تھائیروڈینم 3 ایکس ٹریچوریشن سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں (ڈاکٹر گھوش)

چھوٹی عمر کی لڑکیوں کے لیکوریا میں مرکیورس یا کلکیریا کارب مفید دوا ہے (ڈاکٹر وہسلی)

جنسی جنون میں اگر مریض متشدد اور جارح ہو تو سٹرامونیم، ہائیوسائیمس اور بیلاڈونا ہوتی ہیں۔ اگر خیال اور منی کے قطرے آنا ہو تو ایسڈ فلور، لائیکو اور سلینیم ہوتیں ہیں۔ لیکن اگر جنسی جنون میں مریض اپنی محرمات ماں، بہن، بیٹی اور بھتیجی چھوٹے بڑے کی تمیز نہ ہو تو دوا ہائیڈروفوبینم ہوتی ہے۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ASSALAM O ALAiKUM

علامات کا کھیل

ایک ھومیو میڈیسن کی سینکڑوں علامات یاد رکھنا ممکن نہی۔ آج طلبہ کی خاص سہولت کے لیئے ہر میڈیسن کو ایک علامت میں قید کر کے اپنی ھومیو پیتھی کا ایک خاس گر اپنے طلبہ کو سکھارہا ھوں۔ اگر وہ صرف یہ ایک خاص علامت اور کمی بیشی کو یاد کرلیں تو وہ میڈیسن کی سلیکشن میں کبھی غلطی نہی کریں گے۔ آج کے لیکچر میں میں الف سے شروع ھونے والی چند میڈیسن کو بیان کرتے ھیں۔

انشااللہ۔

تو آیئے بسم اللہ کرتے ہیں۔

ایپس میلیفیکا۔

گرمی سے تکلیف۔ سردی سے آرام۔ ڈنگ دار اور جلندار درد اور سوجن۔

آرسینکم البم۔

شدید بیچینی۔ گھونٹ پانی۔ سردی سے تکلیف۔ گرمی سے آرام۔

آرم ٹرائفیلم۔

ناک منہ سے تیزابی پانی بہنا

آرم میٹ

خودکشی کا خیال۔

آرنیکا

جلد پر نیلے داغ۔ اور چوٹ کا سا درد۔

آئرس ورسیکالر۔

منہ یا مقعد سے کھٹی تیزابی جلندار رطوبت

آئیوڈم۔

کھان سے آرام۔ مستقل بھول۔ گرم مجازی

ابراٹینم

بچوں میں سوکڑا۔ ٹانگوں کی طرف سے

آئپی کاک

متلی۔ متلی۔ متلی ہر تکلیف میں۔

آرٹیکا یورینس

ہر مرض میں دھپڑ۔ چپاکی۔

آرجینٹم میٹ

آرام اور سردی سے تکلیف بڑھنا اور چلنے پھرنے اور گرمی سے آرام۔ چھاتی کی کمزوری۔

آرجینٹم نائیٹ۔

میٹھی اشیا کی خوائش۔ دماغی ڈر۔ اور گرم مزاجی۔

اگنیشیا

غم کے بد اثرات۔ لمبی سانس مارنا۔ غیر متوقع اور تعجب خیز علامتیں۔

اگارکس

غیر آختیاری حرکات۔ اور سردی سے تکلیف کا بڑھنا۔

الٹرس فیری نوسا

ہر وقت تھکاوٹ۔ اور شدید قبض

اوپیم

پشاب اور پخانہ لی بندش۔ غنودگی اور خراٹے۔ ڈر۔

اوگزالک ایسڈ

تکلیف کا خیل آتے ہی تکلیف کا پیدا ہو جانا یا بڑھ جانا

ایپوسائینم

جسم میں کہیں پانی پڑنا اور سردی سے اضافہ

ایتھوزا

بچوں میں بغیر پیاس قے ہیضہ۔ اور کمزوری

ایسافوٹیڈا

بدبودار ریاح جو معدہ سے اٹھے۔ ہڈیوں کے آتشی زخم

ایسکیولس ہیپ۔

کمر کے نیچلے حصہ میں مستقل درد جیسے چلنے سر اضافہ ھو

ایسیٹک ایسڈ۔

شدید جلند ار پیاس اور بکسرت پشاب

(ایکٹیاری سی موسا(سیمیسیفیو گا

رحم کی خرابی۔ بائی کے درد۔ سرد موسم میں میں تکلیف کا بڑھنا

ایکونائیٹم۔

موتکا شدید خوف۔ اور ہر تکلیف کا ابتدائی علاج

ایکینیشا

خون کا زہریلا پن اور تمام جسم میں درد

ایگنس کاسٹس

سوزاک کے بد اثرات کی وجہ سے نامردی۔

ایلوز

مقعد کی فالجی کیفیت۔ وبواسیر

ایلم سیپا

ناک اور منہ سے تیزابی پانی آنا

ایلومن

پتھر کی طرح سخت پخانہ۔

آرسینکم آیوڈم۔

زرد یا سبزی مائل تیزابی۔ رطوبت نزلہ اور بلغم۔ جلن اور بھوک ہیں۔

الینتھس

مختلف امراض میں خون کا زہریلا پن۔ انتہائی نقاہت اور جلد کا نیلا پن۔

ایمبرا گریسیا۔

مخصوس ہسٹیریا کی علامات۔ خاس طور پر عورتوں میں۔

ایمونیم کارب۔

نہانے دھونے سے تکالیف کا بڑھنا۔ دل کی کمزوری۔ خشک زکام۔ اور تیزابی رطوبات۔

ایمونیم میور۔

بھر برے خشک پخانے۔۔ پٹھوں میں سکڑن کا احساس۔ اور کندھوں کے درمیان سردی کا احساس۔

اینٹی مونیم ٹارٹ۔

کمزور مریض میں پھیپھڑوں میں کھڑاہٹ وال کھانسی۔

اینٹی مونیم کروڈم۔

تمام امراض میں سب دواوں سے زیادہ سفید زبان۔

ایناکارڈیم۔

حافظہ کی کمزوری اور کھانا کھانے سے آرام۔ اور خالی پیٹ تکلیف میں اضافہ۔

اگر کہیں کوئ غلطی ھوئ ھو تو معافی چاھوں گا غلطی کی آپ اصلاح کر سکتے ھیں

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: حمل ٹھہرانے کا گھریلو دیسی علاج

مازو پھل بغیر سوراخ 50 گرام سونف 50 گرام، مغز بادام 50 گرام، گائے کا دیسی گھی 50 گرام، چینی 50 گرام

ترکیب تیاری: پہلے سونف اور مازو کو باریک پیس لیں اور مغز بادام کو گرم پانی میں بھگو کر چھیل لیں اور سیدھی ضرب سے کوٹ لیں تا کہ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہو جائیں پھر دیسی گھی کو آگ پر رکھ کر خوب گرم کریں جب کڑ کڑا جائے تو اس میں باریک شدہ سونف و مازو ملا دیں اور پھر چینی ملا کر اتار لیں اور ذرا سرد ہونے پر مغز بادام شامل کریں بس حمل کی دوا تیار ہے اور غذا کی غذا بھی ہے

ترکیب استعمال: جس روز حیض شروع ہو اس روز مرد اور عورت دونوں دو چمچ بڑے کھانے والے صبح و شام ایک گلاس نیم گرم دودھ سے استعمال کرنا شروع کریں اور جب حیض سے فراغت ہو چکے تو اس روز ہمبستری کرنی چاہیئے اور متواتر سات روز دوا استعمال کرتے رہیں اور ہمبستری بھی کرتے رہیں امید تو ہے کہ پہلے ماہ ورنہ دوسرا حد تیسرے ماہ عورت کو حمل ہو جائے گا انشاء اللہ اگر آپ کامیاب ہو جاتے ہیں تو دعاؤں میں ضرور یاد کیجئے گا

پرہیز: دال چنا، دال ماش، چاول، آلو، گوبھی، شملہ مرچ، تمام بوتلیں، ٹھنڈے مشروبات، بازاری تلی ہوئی فرائی چیزیں، ٹھنڈا دودھ، سفید چنے، نان، خمیری روٹی، ڈبل روٹی، بڑا گوشت، چھوٹے بڑے پائے، پیزا، حلوہ پوڑی، تمام کھٹے فروٹ، اور تمام کھٹی چیزیں، سموسے، پکوڑے، برگر، پرہیز لازمی ہے، گھر کی سادہ روٹی کھائیں شوربے والا سالن زیادہ استعمال کریں۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: بانجھ پن زنانہ میں اول تو حمل ٹھہرتا ہی نہیں اور اگر ٹھہر بھی جائے تو اکثر اسقاط ہو جاتا ہے اور یہ ضروری نہیں کہ اسقاط حمل کے ابتدائی دنوں میں ہوتا ہے یا درمیان میں اور یا آٹھویں ماہ میں اور یہ بھی ہو سکتا ہے

کہ بچہ پیدا ہونے کے بعد ہی کچھ دنوں میں فوت ہو جائے تو ٹریٹمنٹ کرتے ہوئے ان سب باتوں کو مد نظر رکھنا ہو گا پوسٹ کو مختصر کا ذکر کروں گا جو زنانہ بانجھ پن اور خواتین کے ایام کی خرابی کیلئے بہت اہم دوا ہے لیکن اپنی sbinna کرتے ہوئے صرف سبائنا مخصوص علامات کیساتھ استعمال ہو گی .

مثلاً سبائنا میں اسقاط حمل زیادہ تر تیسرے ماہ میں ہوتا ہے اور اسقاط ہونے سے پہلے کمر سے درد شروع ہو کر سامنے شرمگاہ میں جاتا ہے یہ درد کھچاؤ دار ہوتا ہے اور اسقاط حمل کے دوران اکثر یہ درد عام ہوتا ہے

کی خصوصی علامت ہے خون کا رنگ لال اور جما ہوا sbina سے شروع ہو کر شرمگاہ تک جاتا ہے یہ coccyx درد دمچی کی ہڈی ہو گا اور حرکت سے اخراج خون میں اضافہ ہو گا بچے کی پیدائش کے بعد اگر آنول رک جانے سے اخراج خون ہو اور مخصوص کمر درد ہو تو سبائنا انشاء اللہ ڈاکٹر کو مایوس نہیں کرے گی.

H/Dr.sm jumshaid

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: خواتین میں موٹاپا.

کلکیریا کارب اور گریفائٹس موٹاپے کا شکار خواتین کی بہترین ادویات ہیں.

دونوں ادویات کی مریضائیں منفرد قسم کے سرد مزاج کی حامل ہوتی ہیں.

کلکیریا کی مریضہ کی رنگت صاف

جبکہ گریفائٹس کی سانولی,

کلکیریا کی مریضہ کا جسم پلپلا

جبکہ گریفائٹس کا سخت,

کلکیریا کی جلد نرم اور ملائم

جبکہ گریفائیٹس کی جلد کھردری, سخت اور خشک,

جلد پر چھوٹے چھوٹے مواد بھرے یا خشک دانے جو ایام حیض میں بڑھ جاتے ہیں,

کلکیریا میں پسینہ زیادہ

, جبکہ گریفائٹس میں کم

. کلکیریا میں حیض جلد اور مقدار زیادہ

. جبکہ گریفائٹس میں دیر سے اور مقدار کم

. کلکیریا میں عموما" اجابت نرم

. جبکہ گریفائیٹس میں پاخانہ سخت اور قبض نمایاں ہے

بظاہر ایک جیسی موٹی دکھائی دینے والی خواتین میں گریفائٹس کا وزن زیادہ

. اور کلکیریا کا کم ہو گا

جو خواتین سن یاس کے بعد موٹی ہونا شروع ہو جائیں انکا موٹاپا کالی کارب سے روکا جا سکتا ہے

. جبکہ نوجوان پیٹو قسم کی لڑکیوں میں موٹاپا انٹم کروڈ سے کنٹرول ہو جاتا ہے

.....جب جسم سخت قسم کی گوشت نما چربی سے بھرا ہوا ہو, پٹھے سخت ہوں, پسینہ کم آتا ہو تو

. کیلوٹروپس اس سخت قسم کی چربی کو کم کر کے پٹھوں کو نرم کرتی ہے

, تھائرائیڈ کی خرابیوں یا گلھڑ کے ساتھ موٹاپا

, ہٹیلی قبض اور گلے کے غدود بھی بڑھے ہوئے ہوں

....مریضہ اکثر ٹانسلائٹس میں مبتلا رہتی ہو تو

. فوکس ویسیکیولوسس بہترین دوا ثابت ہوتی ہے

. موٹاپے سے نجات کیلیے سب سے ناکام دوا فائٹولیکا ہے

پتہ نہیں موٹاپے کے حوالے سے یہ اتنی مشہور کیوں ہے؟

اور اسے ہمارے اکثر معالجین بلا علامت موٹاپے کیلیے کیوں مخصوص دوا قرار دیتے ہیں۔

. ان معروف ادویات کے علاوہ بھی ہومیوپیتھک کی بہت مفید ادویات ہیں

. جنکا تعارف آئندہ آتا رہے گا

. ...اگر آپ موٹے مریضوں کے حوالے سے جنرل ادویات کا مطالعہ کرنا چاہیں تو

ان ادویات کا مطالعہ کریں جنکے نام کے ساتھ "کارب" لگا ہوا ہے۔

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: کافی دن ہو گئے سوچ رہی تھی آپ لوگوں کو اک شاندار قسم کا تحفہ دوں تو آج سمجھیں اس پر عمل کر رہی ہوں۔۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔۔۔ معدہ میں گیس بن رہی ہو جلن ہو رہی ہو یا تیزابیت کا مسلہ ہو بھاری پن ہو اور عجیب وا غریب طبعیت ہو رہی ہو۔۔ کھانا ٹھیک سے ہضم نہ ہو رہا ہو جسم میں بادی پن کافی زیادہ ہو۔ منہ سے سمیل آئے یعنی بدبو آئے تو سمجھیں ختم ہوئی لیں ان شاء اللہ۔۔۔

آڑو لے آئیں سیب لے آئیں لے آئیں امرود لے آئیں ان پھلوں کو اس میرے بتائے ہوئے نسخہ کے ساتھ کھائیں مزہ بھی دوبالا ہو جائے گا اور اور یہ امراض چٹکیوں میں ختم الحمدللہ رب العالمین

اجزاء نوٹ فرمالیں۔۔۔

زیرہ سفید تیس گرام

اجوائن دیسی پچاس گرام

کالا نمک دس گرام

پودینہ خشک بیس گرام

ان کو سفوف کریں اور پھلوں کے ساتھ لیں بڑا بول تو نہیں مگر رائزک یا کسی اور فوری طور پر معدہ کے لئے استعمال ہونے والے کیپسولز سے سو گنا تیز رزلٹ دے گا ان شاء اللہ

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: حمل کے دوران کونسی میڈیسن ماں اور بچے کی صحت کے لیے مفید ہیں؟

ڈاکٹر رمشا بخاری

دوران حمل ڈاکٹر ماں اور بچے کا الٹرا ساؤنڈ کے ذریعے صحت کا مکمل صورت حال کا جائزہ لینے کے بعد کافی میڈیسن لکھتے ہیں۔ لیکن ان میں عام طور پر دوران حمل CAC 1000 اور Iberet Folic 500 تجویز کرتے ہیں۔

Iberet folic 500

یہ میڈیسن ملٹی وٹامن اور آئرن پراڈکٹ ہے جو ہر ماں کو ضرور استعمال کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے. اس دوا کو استعمال کروانے کا اہم مقصد یہ ہوتا ہے کہ دوران حمل خاص ڈائٹ پلان نہ ہونے کی وجہ سے وٹامنز کی کمی کو دور کرنے کے لیے ماں اور بچے کی صحت کو بہتر بنایا جاسکے اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا ہو۔ تاکہ آپ کا آنے والا بچہ نارمل پیدا ہو اور ماں کی صحت پر بھی برے اثرات مرتب نہ ہوں۔

اس میں درج ذیل ملٹی وٹامنز ہیں۔

1۔ فالک ایسڈ

Folic acid

حمل کے شروع کے ایام میں جب بچے کے دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کی نشوونما ہو رہی ہوتی ہے تو اس دوران فالک ایسڈ neural tube (نیورل ٹیوب اعصابی نظام کا مرکز ہوتا ہے جس کے ایک طرف دماغ اور دوسری طرف ریڑھ کی ہڈی ہوتی ہے) بننے میں مدد دیتا ہے۔ neural tube کا بچے کی ریڑھ کی ہڈی اور دماغ کو تشکیل دینے میں بڑا اہم کردار ہے۔ اس کے علاوہ بچے کے دماغ اور ریڑھ کی ہڈی میں پیدا ہونے والے ممکنہ نقائص کو روکنے میں مدد ملتی ہے۔

2۔ فیرس سلفیٹ

Elemental iron

یہ حمل کے دوران خون کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ بچے کا وزن بڑھاتا ہے۔ وقت سے پہلے بچے کی پیدائش کو روکنے میں معاون ہے۔ اور مس کیرج / ابارشن کے خطرات کو کم کرتا ہے۔

3۔ وٹامن B1

Thiamine mononitrate

یہ دوران حمل کاربوہائیڈریٹس یا نشاستہ کو توانائی میں تبدیل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ اعصابی طاقت کے لیے بے حد مفید ہے۔ دل کو بہترین کام کرنے میں مدد فراہم کر کے بچے کے دماغ کی بہترین نشوونما کرتا ہے۔

4۔ وٹامن B2

Riboflavin

یہ ماں اور بچے کی جسمانی طاقت کے لیے کافی اہمیت کا حامل ہے۔ کیونکہ اس سے بچے کی صحت مند جلد بنتی ہے۔ یہ بچے کی نظر تیز کرنے میں معاون ہے۔ اور اس سے بچے کی ہڈیاں بھی مضبوط ہوتی ہیں۔

B3 ۔ وٹامن 5

Niacinamide

دوران حمل حاملہ عورت کو قے / الٹیاں بہت زیادہ آتی ہیں ایسی صورت میں اس کا استعمال الٹیاں روکنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ یہ تھکاوٹ دور کرکے ذہنی دباؤ میں کمی لاتا ہے۔ ڈپریشن کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کے استعمال سے بچے اور ماں کی قوت حافظہ بہت زیادہ بہتر ہوتی ہے.

کولیسٹرول کے لیول کو نارمل / LDL CHOLESTEROL

LDL cholesterol کرنے میں بھی بہترین ہے۔ کیونکہ

کی زیادتی سے کینسر کے خطرات بڑھ سکتے ہیں۔

B6 ۔ وٹامن 6

Pyridoxine hydrochloride

حمل کے دوران الٹیاں آنا عام اور معمول کی بات ہے یہ الٹیاں روکنے میں بہترین ہے مزید یہ سرخ خون کے خلیے بناتا ہے۔

7۔ وٹامن B12

Cyanocobalamin

بننے neural tube کی کمی کے باعث بچے کی صحت کافی حد تک متاثر ہو سکتی ہے۔ کیونکہ اس کی کمی سے B12 دوران حمل وٹامن
میں مسلہ ہو سکتا ہے جس سے دماغ اور ریڑھ کی ہڈی کی تشکیل میں مسلہ در پیش ہو سکتا ہے۔

8۔ وٹامن B5

Calcium pantothenate

کی کمی نہ ہو تو ڈلیوری یا زچگی کے بعد بچے کو دودھ پلانے کے ایام میں ماں کے بریسٹ میں دودھ کی کمی واقع نہیں B5 اگر وٹامن
ہوتی۔ اس کی کمی سے فیڈنگ متاثر ہو سکتی ہے۔

CAC 1000

C ۔ وٹامن 9

Ascorbic acid

ماں اور بچے کی صحت میں اس کا اہم کردار ہے یہ مختلف فلیور میں دستیاب ٹکیاں ہوتی ہیں جنہیں پانی میں گھول کر لیا جاتا ہے اس کی وجہ سے حمل کے بعد زخموں کی جو زچگی کے دوران اندرونی طور پر ہو سکتے ہیں تندرستی / ریکوری جلدی ہوتی ہے۔ ماں اور بچے کی ہڈیاں مضبوط رہتی۔ ہیں قوت مدافعت پیدا ہوتی ہے۔ سب سے بڑھ کر آئرن کو جذب کرنے کی صلاحیت بڑھاتا ہے۔ ہائی بلڈ پریشر میں کمی لاتا ہے۔ یورک ایسڈ کو کم کرتا ہے یادداشت بہتر کرتا ہے۔

زنک .10

Zinc

اس سے دوران حمل یا زچگی کے بعد بال نہیں گرتے ذائقہ چکھنے اور سونگھنے کی صلاحیت / حس تیز رہتی ہے. قوت مدافعت میں اضافہ ہوتا ہے۔

ویسے تو قدرت نے تمام وٹامنز قدرتی غذاوں، جیسا کہ پھلوں دودھ سبزیوں دالوں اور گوشت وغیرہ میں رکھی ہیں۔ لیکن بہترین ڈائٹ پلان نہ ہونے کے باعث حاملہ مائیں قدرتی طریقے سے انہیں حاصل کرنے میں ناکام رہتی ہیں۔ ایسی صورت میں براہ راست وٹامنز کی فراہمی کے لیے درج ذیل میڈیسن بنائی گئی ہیں۔ جسے استعمال کر کے آپ بہت جلدی یہ تمام وٹامنز + آئرن حاصل کر سکتے

ہیں حاملہ مائیں ان ادویات کے استعمال سے پہلے اپنی نزدیکی گائنا کالوجسٹ کو ضرور چیک اپ کروائیں اور اسی کے مشورے اور نسخے کے بعد یہ ادویات استعمال کریں

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: ڈاکٹر وی. پی. بنسل کہتے ہیں کہ اگر دہی سے بننے والی چھاچھ (لسی) استعمال کی جائے تو امراض قلب سے دور رہا جا سکتا ہے.

لیکن اگر اسی چھاچھ کی ہومیوپیتھک طریقے سے ڈیسی مل سکیل پر پوٹینسی بنالی جائے تو پوٹینٹائزیشن کے عمل سے لیکٹو ویسی لس کی پوشیدہ طاقت سامنے آئے گی.

ایک حصہ دہی میں نو حصے پانی ملا کر 100 بار نیچے اوپر انڈیلنے سے جو چھاچھ تیار ہو گی وہ یقیناً دل کی نالیوں میں کولیسٹرول کو جمنے نہی دے گی.

گوشت خوروں کے لئے بھی یہ بہترین نسخہ ہے

گوشت کے ساتھ لسی کا استعمال بہت زیادہ مفید ہے ازما کر دیکھیں

ہم تو تین دن سے ایسے ہی کر رہے ہیں کوئی بد ہضمی نہیں ہوئی

11/26/21, 10:06 PM - M.Hasham Samdani: *ہومیوپیتھی فرسٹ ایڈ*

پیٹ درد اور کالوسنتھ، ڈائسکوریا

تحریر۔ ڈاکٹر محسن چدھڑ ✍

درد قولنج پیٹ کا شدید درد

ہومیوپیتھی میں دو میڈیسن فرسٹ ایڈ کے لئے قابل ذکر ہیں جو پیٹ درد میں انتہائی مفید ہیں اور چند منٹس میں پیٹ درد کو ٹھیک کر دیتی ہیں

Q کالوسینتھ

Colocynth Q

